


صدر ڈیٹر ایف۔ اُکڈورف
صدارتی مجلس اعلیٰ میں مشیر دوم

# ہیکل کی برکات

مجھے ابھی تک یاد ہے جب میرے والدین میرے خاندان کو یورپ میں پہلی نئی تعمیر ہونے والی سوئس ہیکل میں ہمیشہ کے لئے خاندان بننے کے واسطے لے کر جا رہے تھے۔ میں اُس وقت ۱۶ سال کا تھا اور چار بچوں میں سے چھوٹا تھا۔ ہم کہانت کی طاقت کے ذریعے زمین پر سر بمہر ہونے کے لئے قربان گاہ پر گھٹنوں ہوئے، ایک شاندار وعدے کے ساتھ کہ ہم ابدیت کے لئے سر بمہر ہو سکتے ہیں۔ میں اس شاندار لمحے کو کبھی بھی نہ بھولوں گا۔

ایک لڑکے کے طور پر میں اس بات سے بہت متاثر تھا کہ خاندان کے طور پر سر بمہر ہونے کے لئے ہم نے ملکی سرحد کو عبور کیا تھا۔ میرے لئے یہ ہیکل کے کام کی علامت تھی جو ساری زمین کے باشندوں کے لئے ابدی برکات لانے کے لئے دنیاوی حدود کو عبور کرتا ہے۔ کلیسیائے یسوع مسیح برائے مقدسین آخری ایام کی ہیکلیں، قومیت، ثقافت، یا سیاسی سمتوں کے تعین سے قطع نظر واقعی پوری دنیا کے حقیقی فائدے کے لئے تعمیر ہوئی ہیں۔

ہیکلیں ایک ٹھوس گواہی ہیں کہ بھلائی چھا جائے گی۔ صدر جارج کیو۔ کینن (۱۸۲۷ء-۱۹۰۱ء)، صدارتی مجلس اعلیٰ میں مشیر اول، نے ایک بار کہا تھا، "ہیکل کی نیو کے لئے رکھا جانے والا ہر ایک پتھر، اور ہر ایک تکمیل شدہ ہیکل . . . زمین پر شیطان کی قوت کو کم کرتی ہے، اور خدا اور خدا ترسی کی طاقت کو بڑھاتی ہے۔"[۱]

جب کہ ہر ایک ہیکل زمین پر راستبازی کے اثر کو بڑھاتی ہے، بے شک عظیم ترین برکات، اُن کے پاس آتی ہیں در اصل جو ہیکل میں شریک ہوتے ہیں۔ وہاں پر ہم مزید روشنی اور علم پاتے ہیں اور سنجیدہ عہد باندھتے ہیں کہ، اگر ہم ان کی پیروی کریں گے، تو یہ شاگردیت کی راہ پر چلنے میں ہماری مدد کریں گے۔ مختصراً، ہیکل ہم کو زندگی کے مقدس مقصد کے بارے بتاتی ہے اور ہمارے روحانی اور جسمانی برتاؤ کو حاصل کرنے میں مدد دیتی ہے۔

تاہم، ہم ہیکل میں صرف اپنے لئے نہیں جاتے ہیں۔ ہر وقت جب بھی ہم ان شاندار عمارتوں میں داخل ہوتے ہیں، تو ہم ایک مقدس، اور مخلصی دینے والے نجات کے کام میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں جو باپ کے اکلوتے بیٹے کے کفارے کے نتیجے کے طور پر خدا کے سب بچوں کے لئے دستیاب ہے۔ یہ ایک بے لوث اور مقدس خدمت ہے اور ایسی جو ہمیں کوہ صیون کے طور پر رہائی دلانے والے بننے کے کام میں شریک ہونے کی اجازت دیتی ہے۔

وہ جو ابھی ہیکل میں کسی بھی وجہ سے شریک نہیں ہو سکتے، میں اُن کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ جو کچھ بھی اُن کی قوت میں ہے وہ ہیکل کا موجودہ اجازت نامہ پانے کے لئے کریں۔ ہیکل کا اجازت نامہ خداوند کی خدمت کرنے کی ہماری وفاداری اور مصمم ارادے کی علامت ہے۔ یہ خدا کے لئے ہماری محبت کی علامت ہے، کیوں کہ جیسا یسوع نے سکھایا، "وہ جس کے پاس میرے حکم ہیں، اور وہ اُن پر عمل کرتا ہے وُہی مُجھ سے محبت رکھتا ہے اور جو مجھ سے محبت رکھتا ہے وہ میرے باپ کا پیارا ہو گا اور میں اُس سے محبت رکھوں گا اور اپنے آپ کو اُس پر ظاہر کروں گا" (یوحنا ۱۴:۲۱)۔

جب کہ دنیا خداوند کی ان مقدس اور متبرک عمارتوں سے خوبصورت ہوتی جا رہی ہے، تو یہ میری دعا ہے کہ ہم اہل ہو کر ہیکل کا اجازت نامہ رکھتے اور اسے استعمال کرتے ہوئے آسمان کو زمین کے قریب لاتے ہوئے اپنا حصہ ادا کریں گے۔ جب ہم ایسا کرتے ہیں، تو راستبازی نہ صرف یقینی طور پر ہماری زندگیوں اور گھروں میں بڑھے گی بلکہ ہمارے معاشرے اور پوری دنیا میں۔

نوٹس

۱۔ George Q. Cannon, in "The Logan Temple," Millennial Star, Nov. 12, 1877, 743.

## اس پیغام سے سکھانا

**جب** آپ خیالات کو محض بولنے کی بجائے بصری معاونات کا استعمال کرتے ہوئے پیش کرتے ہیں تو بہت سارے لوگ بہتر طور پر سیکھتے اور زیادہ لمبے عرصے کے لئے یاد رکھتے ہیں۔(seeTeaching,NoGreaterCall 182 ,[1999] دیکھئے تدریس، سے عظیم کوئی بلاہٹ نہیں[۱۹۹]، ۱۸۲] سبق کے دوران، ہیکل کی ایک تصویر دکھانے کے بارے سوچیں۔ مضمون پڑھنے کے بعد، گفتگو کریں کہ صدر اُکٹڈورف کے لئے ہیکل کیوں اہم ہے۔ خاندان کے چھوٹے بچوں کو دعوت دیں کہ وہ ہیکل کے ساتھ اپنے خاندان کی تصویر بنائیں۔

تدریس، سے عظیم کوئی بلاہٹ نہیں بتاتی ہے، ”وہ جن کو آپ تعلیم دیتے ہیں اُن کو ایک یا زیادہ مقاصد کا تعین کرنے دیں جو اُن اصولوں پر زندگی گزارنے میں اُن کی مدد کریں جو آپ نے سکھائے ہیں“ (۱۵۹)۔ خاندان کے ساتھ صدر اُکٹڈورف کے پیغام کا مطالعہ کرنے کے بارے سوچیں اور خاندان کے ارکان کو ذاتی مقصد لکھنے کی دعوت دیں جو ہیکلی اجازت نامہ رکھنے اور استعمال کرنے کے لئے اہل ہونے میں اُن کی مدد کرے گا۔

## نوجوان

### اعلیٰ مقام سے جائزہ

مائنڈی ریھی ہولمز

**نوجوان** کے طور پر سان ڈیاگو کیلی فورنیا ہیکل میں مُرحومین کے لئے بپتسمے ادا کرنے کے میرے پاس بہت سارے مواقع تھے۔ اگرچہ مجھے ہمیشہ اچھا تجربہ رہا تھا، مگر ایک دَورہ تو خاص طور پر مجھے یاد ہے۔

میں سولہ سال کا تھا، اور میری چھوٹی بہن ابھی بارہ سال کی ہوئی تھی اور مُرحومین کے لئے بپتسمے لینے کے لئے اپنا پہلا دَورہ کر رہی تھی۔ چونکہ یہ اُس کا پہلا موقع تھا، تو ہم نے فیصلہ کیا کہ کام ختم کرنے کے بعد ہم ہیکل کے باہر سیر کریں گی۔

ایک طرف ہیکل کی گراؤنڈوں میں چند ایک سیر کرنے کے مقامات تھے، پس ہم اُس طرف کو گئیں۔ چونکہ سان ڈیاگو ہیکل ایک مصروف شاہراہ کے ساتھ واقع ہے، تو جب آپ سیر کرنے والے مقام پر کھڑے ہوتے ہیں، تو آپ دراصل نیچے فری وے کو دیکھتے ہیں۔

ہیکل کی اونچی گراؤنڈ پر کھڑے ہوئے اُس دن مجھے زندگی کا ایک نیا نظارہ دیکھنے کو ملا۔ میں نے نیچے دنیا کو تیز رفتار کاروں، ہجوم سے بھرے شاپنگ سنٹروں، اور پیغامات سے پُر شاہراہ کے اشاروں کو دیکھا۔

اُس وقت یہ خیال میرے ذہن میں آیا: ”تم کو اُس کا حصہ نہیں بننا چاہیے؛ یہ وہ نہیں جو زندگی کے بارے ہے۔“ مجھے ہمیشہ یہ سکھایا گیا ہے کہ زندگی کا مقصد آسمانی باپ کے ساتھ رہنے کے لئے واپس لوٹنا اور اُس کی مانند بننا ہے۔ میں جانتی ہوں کہ مقصد کی تکمیل کے لئے مجھے دنیا کی چیزوں کی ضرورت نہیں ہے۔

میں واپس مڑی اور ایک خوبصورت ہیکل کو دیکھا، اور میں انجیلی اور مجھے ملنے والے علم کے لئے شکر گزار تھی۔ میں جانتی تھی کہ اس فریبی اور ابتری سے معمور دنیا میں، میں نے کھڑے ہونے کے لئے اعلیٰ مقام کو پایا ہے۔

اُس دن میں نے ہیکل میں اپنے آسمانی باپ سے وعدہ کیا کہ میں ہمیشہ اُس کی طرف کھڑی ہوں گی نہ کہ دنیا کی طرف۔ چاہے دنیا ہم کو کچھ بھی کہے، ہم اُن عہود پر قائم رہنے سے اس پر غالب آسکتے ہیں جو ہم نے ان اعلیٰ مقامات پر کھڑے ہوتے ہوئے باندھے ہیں۔ (تعلیم اور عہد ۸:۸۷)

## بچے

### دنیا کو خوبصورت بناتے ہوئے

**صدر** اُکٹڈورف نے کہا، کہ جب ایک ہیکل تعمیر کی جاتی ہے، تو یہ زمین پر خدا کی طاقت کو بڑھاتی اور دنیا کو زیادہ خوبصورت مقام بناتی ہے۔ نیچے تصویر میں رنگ بھریں۔ درج ذیل چند ایک خوبصورت برکات ہیں جو ہیکل لوگوں کو دیتی ہے۔ جب آپ کسی روز ہیکل جانے کے لئے اہل زندگی گزارتے ہیں، تو ان میں سے ہر ایک برکت آپ کی ہو سکتی ہے۔

پیار اور خوبصورتی کا مقام

اُن لوگوں کے لئے بپتسمہ جنہوں نے اپنی زندگی میں بپتسمہ نہ لیا تھا۔

شادی جو ہمیشہ رہ سکتی ہے

بچے ہمیشہ کے لئے والدین سے سر بمہر ہوتے ہیں

یسوع مسیح اور آسمانی باپ کے بارے سیکھنے کا مقام

ایک اہل، تابع فرمان زندگی

© 2010 by Intellectual Reserve, Inc. جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ انڈیا میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی: 6/09۔ اجازت برائے ترجمہ: 6/09۔ First Presidency Message, August 2010 کا Urdu ترجمہ۔ 09368 434

خاندانی معلماتی پیغام، اگست ۲۰۱۰ء

# ہیکل کی عبادت کے لئے اہل ہونا ہماری ذمہ داری ہے

ایمان • خاندان • خدمت

اس مواد کا مطالعہ کریں، اور اگر مناسب ہو تو اُن بہنوں کے ساتھ گفتگو کریں جن سے آپ ملتی ہیں۔ سوالات کو آپ اپنی بہنوں کو مضبوط کرنے اور ریلیف سوسائٹی کو اُن کی زندگی میں متحرک حصہ بنانے میں مدد دینے کے لئے استعمال کریں۔

**صحائف میں سے: یسعیاہ ۲:۲۔۳؛ تعلیم اور عہد ۱۰۹:۲۲۔۲۳؛ ۱۱۰:۸۔۱۰**

جو عہود ہم متعلقہ رسوم کے ساتھ باندھتے ہیں جو ہم ہیکل میں پاتے ہیں وہ خدا کی حضوری میں داخل ہونے کے لئے ہماری یقین دہانی بن جاتے ہیں۔ یہ عہود ہم کو ہماری اپنی طاقت اور تناظر سے پرے تک اٹھالے جاتے ہیں۔ ہم سلطنت کی تعمیر کے لئے اپنی محبت ظاہر کرنے کے لئے عہود باندھتے ہیں۔ جب ہم خدا کے عہد کے تحت زندگی بسر کرتے ہیں تو ہم موعودہ لوگ بن جاتے ہیں۔ ان عہود کی وفاداری کے ذریعے ساری موعودہ برکات ہماری ہیں۔ . . .

کلیسیا کی خواتین ہیکل کی ان برکات کا دعویٰ کرنے کے لئے کیا کر سکتی ہیں؟

اپنے نبیوں کے ذریعے، خداوند اُن کو جنھوں نے ابھی ہیکل کی برکات حاصل نہیں کیں، اُن کو پانے کے واسطے کوالیفائی کرنے کے لئے جو کچھ بھی کرنا ضروری ہو، کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ وہ اُن کو جنھوں نے پہلے سے ہی ان برکات کو پالیا ہے اکثر اوقات جس قدر ممکن ہے، اُس تجربے سے لطف اندوز ہونے، اپنی بصیرت اور اُسکے ابدی منصوبے کے فہم کو بڑھانے کے لئے دوبارہ لوٹنے کی دعوت دیتا ہے۔

آئیں ہیکل کا موجود اجازت نامہ پانے کے لئے اہل ہوں۔ آئیں اپنے خاندانوں کو ابدی طور پر سر بمہر ہونے کے لئے ہیکل جائیں۔ جس قدر ہمارے حالات اجازت دیں آئیں ہم ہیکل کی طرف لوٹیں۔ آئیں اپنے مرحوم رشتہ داروں کو سرفرازی کی رسوم پانے کا موقع دیں۔ آئیں روحانی قوت اور مکاشفے سے لطف اندوز ہوں جو ہم اُس وقت پاتے ہیں جب ہم باقاعدگی سے ہیکل میں شرکت کرتے ہیں۔ آئیں وفادار ہوں اور کفارے کی بھرپور برکات پانے کے لئے ہیکل کے عہود باندھیں اور اُن پر قائم رہیں۔"[1]

سلویا ایچ۔ الریڈ، ریلیف سوسائٹی کی جنرل صدارتی مجلس میں مشیر اول

## ہماری تاریخ سے

صدر گورڈن بی۔ ہنکلی (۱۹۱۰ء–۲۰۰۸ء) نے سکھایا کہ ریلیف سوسائٹی بہنوں کی ہیکلوں میں عبادت کی خواہش سے فروغ پائی ہے:

"کرٹ لینڈ ہیکل کی تعمیر کے دوران خواتین کو اپنے چینی کے برتنوں کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں پیسنے کی ذمہ داری دی گئی کہ پلاسٹر کے ساتھ ملا کر اُس کو ہیکل کی دیواروں پر استعمال کیا جاسکے، جو سورج اور چاند کی روشنی کے باعث اُس روشنی کو منعکس کر کے عمارت کی ظاہریت کو خوبصورت بنا سکے۔

"اُن دنوں میں، جب پیسے بہت تھوڑے ہوتے تھے مگر ایمان کی کثرت تھی، تو کام کرنے والوں نے اپنی طاقت اور ذرائع خداوند کے گھر کی تعمیر کے لئے دیئے۔ خواتین نے اُن کو خوراک کی رسد فراہم کی، جس قدر عمدہ طریقے سے وہ تیار کر سکتی تھیں۔ ایڈورڈ ڈبلیو۔ ٹیولج نے رپورٹ کی کہ جب خواتین ہیکل کے پردوں کی سلائی کا کام کر رہی تھیں، تو جوزف سمتھ اُن کو دیکھ رہا تھا، اور کہا، "خوب، بہنو، آپ ہمیشہ سے ہی مددگار رہی ہیں۔ بہنیں ہمیشہ سے ہی سارے اچھے کاموں میں اول اور نمایاں رہی ہیں۔ دوبارہ جی اٹھنے کے وقت مریم ہی سب سے پہلے وہاں تھی؛ اور اب بہنیں ہیکل کے اندرونی کام کے لئے بھی پہلے ہی ہیں۔' . . .

"پھر ناؤو میں، جب ہیکل زیر تعمیر تھی، تو کچھ عورتوں نے مل کر کام کرنے والوں کے لئے قمیضیں بنائیں۔ ان حالات کے نتیجہ میں اُن میں سے کوئی بیس خواتین مل کر جمعرات، ۱۷ مارچ ۱۸۴۲ء کو نبی کے سٹور کے بالائی کمرے میں اکٹھی ہوئیں۔"[2] اس طرح سے ریلیف سوسائٹی کا آغاز ہوا۔

نوٹس

۱۔ Silvia H. Allred, "Holy Temples, Sacred Covenants," *Liahona*, Nov. 2008, 113, 114.

۲۔ گورڈن بی۔ ہنکلی، "Ambitious to Do Good," *Ensign*, مارچ ۱۹۹۲ء، ۲

## ہم کیا کر سکتی ہیں؟

۱۔ اپنی بہنوں کو ہیکل کے لئے تیار کرنے اور شریک ہونے کے لئے میں کیا مدد کر سکتی ہوں؟

۲۔ میں ابتدائی بہنوں کے ورثے کا نمونہ کس طرح بن سکتی ہوں جنھوں نے ہیکل کی برکات پانے کے لئے قربانی دی؟

۳۔ میں ہیکل کی برکات کا دعویٰ کیسے کر سکتی ہوں؟

مزید معلومات کے لئے www.reliefsociety.lds.org پر جائیں۔

©2010 by Intellectual Reserve, Inc.۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ انڈیا میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی 6/09۔ اجازت برائے ترجمہ: 6/09۔ Visiting Teaching Message, August 2010 کا Urdu ترجمہ۔ 09368 434